نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت ٹریکٹر مینوفیکچرنگ انڈسٹری اور محکمہ زراعت کے درمیان معاہدے پر دستخط کی تقریب میں خصوصی شرکت

تقریب پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سمیت ملت، الغازی، براق، اے ٹی ایس اور پاک ٹریکٹر مینوفیکچرنگ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز کی شرکت

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق زراعت کے شعبہ میں میکانائزیشن کے فروغ کیلئے مقامی ٹریکٹر انڈسٹری کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:27 نومبر 2024: وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر ایک برینڈ ہے۔حکومت پنجاب نے وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کیلئے 30 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی ہے۔اس سے قبل کاشتکاروں کو ٹریکٹرز پر اتنی بڑی سبسڈی فراہم نہیں کی گئی۔انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی زیر قیادت گرین ٹریکٹر پروگرام کی شفاف قرعہ اندازی کو یقینی بنایا گیا ہے۔اس سکیم کے تحت 9500 خوش نصیب کاشتکاروں کو 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی فراہم کی گئی ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ان خیالات کا اظہار ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ ٹریکٹر مینوفیکچرنگ انڈسٹری اور محکمہ زراعت کے درمیان ٹریکٹر مینوفیکچرنگ کے معاہدے کی تقریب میں شرکت کے دوران کیا۔تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری نے بھی شرکت کی۔انھوں نے کہا کہ اس اقدام سے زرعی میکانائزیشن اور ٹریکٹر مینوفیکچرنگ انڈسٹری کو فروغ ملے گا اور مقامی ٹریکٹر انڈسٹری پر کاشتکاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔مقامی ٹریکٹر انڈسٹری 85 ہارس پاور سے زیادہ ٹریکٹرز کی بھی مقامی سطح پر مینوفیکچرنگ کریں۔اس کے علاوہ رائس ٹرانسپلانٹرز، ہارویسٹرز کی تیاری پر بھی مقامی سطح پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ ان مشینوں کی درآمد پر خرچ ہونے والا قیمتی سرمایہ بچایا جاسکے۔انھوں نے مزید کہا کہ گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 1 سے 50 ایکڑ زرعی اراضی کے مالکان کو اپنی پسند کے مطابق 50 تا 85 ہارس پاور کے ٹریکٹرز فراہم کئے جارہے ہیں۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کسانوں کو ٹریکٹرز کی ڈلیوری تک کا تمام سسٹم میکنائزڈ ہوگا۔وزیر اعلیٰ پنجاب کا ویژن کے مطابق کہ اس سکیم کو بڑے پیمانے پر لانچ کیا جائے۔ٹریکٹر کی خرید کے سلسلے میں کاشتکار کو آپشن دیا جائیگا کہ وہ جس مرضی کمپنی کا ٹریکٹر خرید کرے۔گرین ٹریکٹر کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے ٹریکٹر انڈسٹری کے نمائندوں کو واضح کیا کہ گرین ٹریکٹر کی تیاری کے وقت بین الاقوامی ایس او پیز کو مدنظر رکھنا لازم ہوگا۔انھوں نے مزید کہا کہ گرین ٹریکٹرز کے علاوہ گندم کے کاشتکاروں کو مزید 1 ہزار ٹریکٹرز "زیادہ گندم اُگاؤ" مہم کے تحت فراہم کئے جائیں گے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت اب تک 9400 کاشتکاروں کو الاٹمنٹ لیٹر ایشو کئے جاچکے ہیں۔گرین ٹریکٹر سکیم کا پہلا مرحلہ 31 مارچ 2025 تک پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گا۔اس سکیم سے نہ صرف کاشتکاروں

بلکہ ٹریکٹر انڈسٹری کو بھی فائدہ ہوگا۔ٹریکٹر انڈسٹری کو ڈلیوری کے لیے دی جانے والی ٹائم لائن کو لازماً فالو کرنا ہوگا۔اس موقع پر ٹریکٹر انڈسٹری کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کو مقامی انڈسٹری قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور مقامی طور پر اس سکیم کو مکمل انڈسٹری کی جانب سے تعاون اور سپورٹ فراہم کی جائے گی۔تقریب میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) چوہدری عبدالحمید اور ٹریکٹر انڈسٹری کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز نے ٹریکٹر کی تیاری کیلئے معاہدے پر دستخط کئے۔

تقریب میں اسپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت اعجاز منیر،کیپٹن (ر) وقاص رشید،شبیر احمد خاں اور ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید،ملک محمد اکرم،نوید عصمت کاہلوں و دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆